نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کا گندم کی قیمتوں بارے بیان

لاہور26 دسمبر 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کچھ عناصر گندم کے کاشتکاروں کو گمراہ کر رہے ہیں کہ پنجاب حکومت نے گندم کی خریداری 2800 روپے فی من کے حساب سے کرنی ہے۔اس ضمن میں ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ یہ ایک منفی پروپیگنڈہ ہے۔حکومت کے پاس گندم کے موجودہ ذخائر کے اجراء کی خبر کو توڑ مروڑ کر آئندہ فصل کی قیمت کے ساتھ جوڑا جا رہا ہے جو کہ سراسر غلط اور بے بنیاد ہے۔گندم کی قیمت 2900 روپے فی 40 کلوگرام صرف سرکاری گندم کے ذخائر کے اجراء کیلئے مقرر کی گئی ہے جو کہ محکمہ خوراک کے گوداموں میں موجود ہے تا کہ عوام کو آٹے کی دستیابی مناسب قیمت پر یقینی بنائی جا سکے۔تاہم اس کا گندم کی آئندہ فصل بارے قیمت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا کہ آئندہ سال حکومت پنجاب گندم کی فصل کی کٹائی کے وقت مناسب اقدامات کرے گی تا کہ کسانوں کو ان کی محنت کا جائز منافع دلایا جا سکے اور ان کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔۔مزید معلومات کیلئے کاشتکار پنجاب ایگریکلچرل ہیلپ لائن کے نمبر 17000-0800 پر بروز سوموار تا ہفتہ صبح 8:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک کال کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆